الیکشن کمیشن آف پاکستان.

مورخہ. 19جولائی2018.

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے الیکشن 2018 میں رائے دہندگان کی شمولیت کو یقینی بنانے کے لیے نادرا کو شناختی کارڈ کے اجراءاور بروقت فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی ہدایات جاری کی ہیں .

نادرا کو جاری ایک مراسلے میں ہدایات کی گئیں ہیں کہ جن شہریوں نے گمشدہ کارڈ کی فراہمی کے لئے درخواستیں دی ہیں اُن درخواستوں پر عمل درآمد کو فوری طور یقینی بنایا جائے اور انھیں بلاتعطل/بلاتاخیر کے فوری طور پر شناختی کارڈ جاری کیے جائیں .

اِس کے علاوہ ایسے شہری جنھوں نے شناختی کارڈ میں تبدیلی کی درخواست دی ہے اُن کے شناختی کارڈ ضبط نہ کیے جائیں جب تک کہ اُن کو نیا شناختی کارڈ جاری نہ ہو جائے.

اِس بات کے قطع نظر کے شناختی کارڈ کی تبدیلی یا گمشدگی کی درخواستیں نارمل یا ارجنٹ کیٹیگری میں موصول ہوئی ہوں اُن کی فوری کاروائی اور اجراء کو 24جولائی تک یقینی بنایا جائے.

واضح رہے کہ پولنگ کے دن رائے دہیندگان کے پاس اصل شناختی کارڈ کا ہونا لازمی ہے .